نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731,99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت لاہور میں گندم کی آئندہ فصل کی پیداواری حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لئے پہلے اجلاس کا انعقاد۔

گندم کی آئندہ فصل کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی فراہم کی جائے۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور27 ستمبر2022:صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت لاہور میں گندم کی آئندہ فصل کی پیداواری حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لئے پہلے اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے گندم کی آئندہ فصل کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے کاشتکاروں کو فیلڈ سٹاف کی راہنمائی میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے اور بوائی کے موقع پر کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی کی یقینی بنانے اور گندم کی بوائی کے موقع پر کاشتکاروں کو نہری پانی کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) کو محکمہ آبپاشی کے حکام سے میٹنگ کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ گندم کی بوائی کے موقع پر وہ خود مانیٹرنگ کریں گے اور اس سلسلے میں انھوں نے ڈویژنل وضلعی سطح پر میگا فارمر گیدرنگ منعقد کروانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں صوبائی وزیر نے گندم کی ممنوعہ اقسام کو کاشت نہ کرنے سے متعلق کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کی جائے تاکہ کاشتکار صرف منظورشدہ اقسام کا بیج استعمال کریں جس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوسکے۔یاد رہے، وزیرزراعت پنجاب نے گندم کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی ہے جو گندم کی آئندہ بوائی کے موقع پر پیداواری اہداف کے مطابق حکمت عملی مرتب کرے گی تاکہ گندم کی پیداوار میں اضافہ ہوسکے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆